| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ**

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کا تعارف بطور مصوّرِ پاکستان کرا سکیں۔
- علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کے اہم واقعات (تاریخ پیدائش، قومی شاعر، بچّوں کے لیے اہم نظمیں اور تاریخ وفات) بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ پاکستان کا تصوّر کس نے پیش کیا۔ طلبہ کا جواب تسلّی سے سنیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

طلبہ کو بتائیں آپ رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی شاعری کے ذریعے ہندوستان کے مسلمانوں کو خوابِ غفلت سے بیدار کیا اور الگ وطن کا تصوّر پیش کیا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ رحمتہ اللہ علیہ کو مصوّرِ پاکستان کہا جاتا ہے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 26 سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کی تاریخ پیدائش، والد کا نام اور والدہ کا نام نمایاں کر کے لکھیں۔
- طلبہ کو بتائیں آپ رحمتہ اللہ علیہ کے والد شیخ نور محمد نہایت پرہیزگار اور متقی انسان تھے۔
- طلبہ کو علامہ اقبال کی ابتدائی تعلیم اور آپ رحمتہ اللہ علیہ کے استاد مولوی میر حسن کے بارے میں بھی بتائیں۔ انھیں بتائیں آپ رحمتہ اللہ علیہ کے استاد نے آپ رحمتہ اللہ علیہ کی ذہنی ترتیب فرمائی اور اسلامی ذوق پیدا کیا۔ مولوی میر حسن عربی اور فارسی کے ممتاز فاضل اور جید عالم تھے۔

- مرے کالج سے ایف۔اے کرنے کے بعد علامہ اقبال نے گورنمنٹ کالج لاہور سے بی۔اے اور ایم۔اے کا امتحان پاس کیا۔اس کے بعد مزید تعلیم کے لیے انگلستان اور جرمنی چلے گئے اور وہاں سے اعلیٰ تعلیم مکمل کر کے وطن واپس آ گئے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| بنیاد | بُن۔یاد | اصل سبب |
| شفیق | شَ۔فیق | مہربان |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

سوال(ا) کے پہلے تین سوالات طلبہ سے پوچھیں۔درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

علامہ اقبال سے متعلق معلومات اکٹھی کریں اور ساتھیوں کو سنائیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ |
| --- | --- | --- |

**سوال1: خالی جگہ پُر کریں۔**

ا۔ علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ 9نومبر __________ کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔

۲۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کے والد کا نام __________ تھا۔

۳۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے ابتدائی تعلیم __________ سے حاصل کی۔

۴۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے بی۔اے اور ایم۔اے کے امتحانات __________ سے پاس کیے۔

۵۔ پاکستان کا تصوّر پیش کرنے کی وجہ سے آپ رحمتہ اللہ علیہ کو __________ کہا جاتا ہے۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی:2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:_____ | ہفتہ:7 دوسرا دن | تاریخ:_______ | وقت:40منٹ |

سبق کا نام: **علامہ محمد اقبال** رحمتہ اللہ علیہ

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کا تعارف بطور مصوّرِ پاکستان کرا سکیں۔
- علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کے اہم واقعات (تاریخ پیدائش، قومی شاعر، بچّوں کے لیے اہم نظمیں اور تاریخ وفات) بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں علامہ اقبال نے سیاست میں حصّہ لیا اور اپنی شاعری اور پیغامات کے ذریعے ہندوستان کے مسلمانوں کو خواب غفلت سے بھی بیدار کیا۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 27 سے پہلا پیرا گراف پڑھائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں سیاست دان کے طور پر آپ رحمتہ اللہ علیہ کا سب سے بڑا کارنامہ ہندوستان کے مسلمانوں کے لیے علیحدہ وطن کا مطالبہ تھا۔
- طلبہ کو بتائیں آپ رحمتہ اللہ علیہ برصغیر کے وہ عظیم رہنما ہیں جنھوں نے نہ صرف مسلمانوں کی رہنمائی کی بلکہ برصغیر کے مسلمانوں کے لیے 1930ء کے خطبہ الٰہ آباد میں الگ وطن حاصل کرنے کا خیال بھی پیش کیا۔
- طلبہ کو بتائیں اسی لیے آپ رحمتہ اللہ علیہ کو مفکر پاکستان بھی کہا جاتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| کارنامہ | کار۔نامہ | غیر معمولی کام |
| مطالبہ | مُ۔طا۔ل۔بہ | تقاضا کرنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق سوال نمبر (۳) کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں چارٹ پر معلومات لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: علامہ محمد اقبال** رحمتہ اللہ علیہ |

سوال 1: علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں معلومات لکھیں۔

| | |
|---|---|
| علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کا نام | |
| تاریخ پیدائش | |
| اہم کارنامہ | |
| استاد کا نام | |
| اعلیٰ تعلیم | |

| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ 7 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: علامہ محمد اقبال** رحمتہ اللہ علیہ

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کا تعارف بطور مصوّرِ پاکستان کرا سکیں۔
- علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کے اہم واقعات (تاریخ پیدائش، قومی شاعر، بچّوں کے لیے اہم نظمیں اور تاریخ وفات) بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ پاکستان کے قومی شاعر ہیں۔

آپ رحمتہ اللہ علیہ کو شاعر مشرق بھی کہا جاتا ہے آپ نے اپنی شاعری کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی کا جذبہ پیدا کیا۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 27 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آپ رحمتہ اللہ علیہ کو شعر و شاعری کا بہت شوق تھا۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کی نظموں کو سیاسی جلسوں اور ادبی مجلسوں میں پڑھا جاتا تھا۔
- شروع میں آپ رحمتہ اللہ علیہ کی شاعری کا مرکز فطرت سے پیار اور اپنے ملک سے پیار تھا۔ پھر رفتہ رفتہ آپ کی شاعری پختہ ہو گئی اور آپ رحمتہ اللہ علیہ نے شاعری کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی کی تڑپ پیدا کی۔
- آپ رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی شاعری کے ذریعے مسلم نوجوانوں کو ان کے عظیم الشان ماضی یاد دلایا۔
- طلبہ کو بتائیں آپ رحمتہ اللہ علیہ نے بچوں کے لیے بہت سی نظمیں لکھیں جن میں:

پہاڑ اور گلہری، ایک مکڑا اور مکھی، جگنو، پرندے کی فریاد، شامل ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں آپ رحمتہ اللہ علیہ نے ساری زندگی مسلمانوں کی سیاسی اور معاشرتی حالت کو بہتر کرنے کی کوشش کی۔
- آپ رحمتہ اللہ علیہ نے 21 اپریل 1938ء کو لاہور میں وفات پائی آپ رحمتہ اللہ علیہ کا مزار لاہور میں ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اظہار | اظ۔ہار | بیان |
| خطاب | خِ۔طاب | سرکار کی طرف سے اعزازی نام |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق میں متن کے حوالے سے پوچھے گئے سوالات طلبہ سے کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کے چند شعر اپنی کاپی میں لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:___________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ |
|---|---|---|

**سوال نمبر 1:** علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کو کن کن ناموں سے جانا جاتا ہے؟ لکھیں۔

_______________________________________________

_______________________________________________

**سوال نمبر 2:** علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کی بچوں کے لیے لکھی نظموں کے نام لکھیں۔

_______________________________________________

_______________________________________________